# نیویارک شہر کے فری لانس کارکنان کا تحفظ کرنا

## حقوق اور وسائل کا ایک جائزہ

Urdu | اردو

NYC Consumer Affairs
Office of the Mayor
Lorelei Salas
Commissioner

## وسائل

### نمونہ معاہدہ جات

DCA نے قانون کے حسب ہدایت معاہدوں کے نمونہ جات تیار کیے ہیں جن کا آجر فریق اور فری لانس کارکنان جائزہ لے سکتے ہیں۔ براہ کرم ملاحظہ کریں: nyc.gov/dca.

### صحت کا سستا بیمہ

نیویارک شہر کی انسانی وسائل انتظامیہ (NYC Human Resources Administration) آپ کو صحت کا ایسا بیمہ اور ایسی نگہداشت کی تلاش میں مدد دے سکتی ہے جو آپ کی ضروریات اور گنجائش کے مطابق ہو۔ 311 پر کال کریں، بلامعاوضہ شخصی مدد کے لیے محکمہ صحت کا سندیافتہ درخواست مشیر تلاش کرنے کی خاطر nyc.gov/health ملاحظہ کریں، یا nystateofhealth.ny.gov پر نیویارک اسٹیٹ آف ہیلتھ (NY State of Health) کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### عوامی بینیفٹس

ACCESS NYC ایک بلامعاوضہ خدمت ہے جو آپ کو یہ جاننے میں مدد دیتی ہے کہ آیا آپ 30 سے زیادہ شہری، ریاستی اور وفاقی بینیفٹس پروگراموں کے لئے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں یا نہیں۔ آپ ACCESS NYC کے ذریعے مخصوص پروگراموں کے لئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ ACCESS NYC کے بارے میں معلومات کے لیے nyc.gov/accessnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

### بلامعاوضہ مالی مشاورت

نیویارک شہر کے مالی عطائے اختیار کے مراکز (NYC Financial Empowerment Centers) بلامعاوضہ شخصی مالی مشاورت پیش کرتے ہیں۔ یہ خدمت رازدارانہ ہے اور ہمارے پیشہ ورانہ مشیر ایک سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں۔ ملاقات کا وقت طے کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔

### ٹیکس گوشوارے کی بلامعاوضہ تکمیل

آپ نیویارک شہر کی ٹیکس گوشوارے کی بلامعاوضہ تکمیل (NYC Free Tax Prep) کی خدمات کے لئے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں جس میں IRS کے مصدقہ VITA/TCE رضاکار تکمیل کنندہ کی ہمراہی میں آن لائن فائلنگ اور بذات خود فائلنگ شامل ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/taxprep ملاحظہ کریں۔

### تعلیمی اور تربیتی پروگرام

شہر ملازمت کے متلاشی افراد کے لیے بلامعاوضہ مدد فراہم کرتا ہے۔ nyc.gov/workforce1 ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور ورک فورس 1 کیریئر سنٹر (Workforce1 Career Center) تلاش کرنے کے لیے کہیں۔

### امیگریشن کے سلسلے میں معاونت

ActionNYC آپ کی اپنی زبان میں آپ کی کمیونٹی میں امیگریشن سے متعلقہ محفوظ اور مفت قانونی جانچ پڑتال مہیا کرتا ہے۔ nyc.gov/actionnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں۔

### انگریزی کی کلاسیں

نیویارک شہر کے محکمہ برائے ترقیٔ نوجوانان و معاشرہ (NYC Department of Youth and Community Development) کا انگریزی زبان کا پروگرام (English Language Program) نیویارک شہر کے بالکل نئے رہائشیوں کو انگریزی سیکھنے میں مدد دینے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dycd ملاحظہ کریں۔



## DCA کا دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards - OLPS)

کارکنوں کے لیے شہری حکومت میں ایک وقف کردہ آواز ہے۔ کمزور کارکنوں کی مدد کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ، OLPS جائے کار پر امیگرینٹس، مختلف رنگ و نسل کے حامل افراد اور خواتین کو متاثر کرنے والے معاملات پر توجہ مرکوز کرنے کے ہمارے مینڈیٹ کو اختیار کرتا ہے۔

:OLPS

- جائے کار کے کلیدی میونسپل قوانین کا **نفاذ کرتا ہے۔**
- اصل تحقیق انجام دیتا ہے اور تعلیم و تربیت **فراہم کرتا ہے۔**
- ایسی پالیسیاں، جو نیویارک شہر کی ارتقاء پذیر معیشت اور افرادی قوت پر اثرپذیر ہوتی ہیں، **تیار کرتا ہے۔**

NYC Consumer Affairs

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پذیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔ ہمارے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے کام کے ذریعے DCA ایسے ٹولز اور وسائل مہیا کر کے کارکن خاندانوں کو مختار بناتا ہے جو انہیں خوشحالی حاصل کرنے اور کام و زندگی میں توازن پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔

06/2017

Printed on 30% post consumer recycled paper

## اگر آپ نیویارک شہر میں ایک فری لانس کارکن ہیں تو آپ قانونی حقوق رکھتے/رکھتی ہیں اور کام سے متعلقہ سوالات اور شکایات کے لیے شہر کی طرف سے آپ کو ایک وقف کردہ وسیلہ دستیاب ہے: محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) کا ذیلی حصہ دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards)

ضروری حقوق اور وسائل سے آپ کی آگاہی کے لیے DCA نے یہ جائزہ تیار کیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، **311 پر کال کریں** اور "Freelance Workers" سے رابطہ کی درخواست کریں یا ملاحظہ کریں: **nyc.gov/dca**

## قانون کے تحت کون آتا ہے؟

"فری لانس مفت نہیں ہوتا" قانون (Freelance Isn't Free Act)، جو 15 مارچ 2017 سے نافذ ہوا، کے تحت **فری لانس کارکن** ایک ایسا فرد واحد ہوتا ہے جسے کسی آجر فریق کی جانب سے معاوضے کے عوض خدمات کی فراہمی کے لیے بطور خودمختار ٹھیکدار کام پر رکھا جائے یا کام پر لگا رہنے دیا جائے۔

فری لانسر بہت سی مختلف صنعتوں میں کام کرتے ہیں۔ فری لانس کارکنان کے لیے سب سے عام صنعتوں میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

- فلم اور وڈیو
- گرافک اور ویب ڈیزائن
- گھروں کی تعمیرومرمت
- ذرائع ابلاغ
- فوٹوگرافی
- ترجمہ

**استثنات:**

کچھ خاص سیلز نمائندے، اٹارنی اور لائسنس یافتہ طبی پیشہ ور افراد فری لانس کارکنان کی تعریف میں آنے والے افراد کی فہرست میں شامل نہیں ہیں۔

اس قانون کا اطلاق عام طور پر کسی اجتماعی سودے بازی سے طے پانے والے معاہدے، جو کارکنوں کی بطور ملازمین توضیع کرتا ہو، کے تحت ہونے والے کام پر نہیں ہوتا۔

آپ ایک "خودمختار ٹھیکدار" ہیں یا نہیں، اس کا انحصار کئی مختلف عوامل اور آپ کے کام کے بندوبست کی نوعیت پر ہوتا ہے۔ براہ کرم ان وسائل کے لیے **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں جو آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دیں گے کہ آیا آپ کے کام کی درجہ بندی درست ہے یا نہیں۔ اگر آپ کے بطور فری لانس کارکن، خودمختار ٹھیکدار یا ملازم اپنی درجہ بندی کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو آپ DCA سے بھی **freelancer@dca.nyc.gov** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایک **آجر فریق** کسی سرکاری ادارے کے علاوہ کوئی بھی ہو سکتا ہے جو کسی فری لانس کارکن کو کام پر رکھتا ہے۔

## آپ کے حقوق

### امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر آپ حقوق رکھتے/رکھتی ہیں۔



### تحریری معاہدہ

$800 یا زیادہ کے تمام معاہدے لازماً تحریری شکل میں ہونے چاہیئیں۔ اس میں آپ کے اور آجر پارٹی کے درمیان 120 دن کے کسی بھی دورانیے میں طے پانے والے وہ تمام معاہدے شامل ہیں جن کی مجموعی مالیت $800 ہو۔ تحریری معاہدے میں آپ کے کام؛ کام کی اجرت اور ادائیگی کی تاریخ کے بارے میں تفصیل لازمی موجود ہونی چاہیئے۔ تحریری معاہدہ کی ایک نقل آپ کو اور ایک آجر فریق کو لازمی طور پر اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔




### بروقت ادائیگی

آجر فریق کو تمام مکمل کردہ کام کے لیے آپ کو لازماً ادائیگی کرنی چاہیئے۔ آپ کو معاہدہ میں درج کردہ تاریخ پر یا اس سے پہلے ادائیگی کی جانی چاہیئے۔ اگر معاہدہ میں ادائیگی کی کوئی تاریخ درج نہ ہو تو آجر فریق کو کام مکمل ہونے کے 30 دن کے اندر آپ کو ادائیگی کرنی چاہیئے۔



### انتقامی کارروائی سے آزادی

آپ کی طرف سے اپنے حقوق کا استعمال کیے جانے پر آجر فریق کی جانب سے آپ کو سزا دینا، دھمکانا یا بلیک لسٹ کرنا غیر قانونی ہے۔



### امتیازی سلوک سے آزادی

نیویارک شہر کا انسانی حقوق کا قانون نیویارک کے رہائشیوں کا بہت سی اقسام کے امتیازی سلوک سے تحفظ کرتا ہے۔ اگر آپ امتیازی سلوک کا شکار ہوئے/ہوئی ہیں، تو نیویارک شہر کے کمیشن برائے انسانی حقوق (NYC Commission on Human Rights) کی انفولائن (Infoline) سے 311 پر رابطہ کریں۔




### شکایت درج کروانے کا حق

آپ DCA کے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے پاس شکایت درج کروا سکتے/سکتی ہیں۔ DCA آجر فریق کو اطلاع دے گا جس کو لازمی طور پر 20 دن کے اندر شکایت کا جواب دینا چاہیئے۔ DCA آپ کو وکیل تلاش کرنے، عدالت کی کارروائی کو سمجھنے اور دیگر کاموں میں مدد دینے کے لیے معلومات بھی فراہم کرے گا۔ nyc.gov/dca سے شکایت فارم ڈاؤن لوڈ کریں یا 311 پر کال کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو freelancer@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔



### قانونی چارہ جوئی کا حق

آپ آجر فریق کے خلاف عدالت میں ہرجانے کا دعویٰ دائر کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کو آپ کے کام کے لیے بروقت پر ادائیگی نہیں کی جاتی تو آپ کو قابل ادائیگی رقم کا دوگنا، انتقامی کارروائی کا ہرجانہ اور اٹارنی کی فیس اور اخراجات وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔